ہرسو جہاں مدارس اسلامیہ نے علوم اسلامیہ کی ترویج کی وہاں ہرعلاقہ میں مقامی زبان کی ترویج بھی کی ہرخطہ میں دینی تعلیمات مقامی زبان میں پڑھانے کا رسم بھی بہت پرانا ہے علماء کرام مدارس میں پڑھانے والے جہاں بھی حصول تعلیم کے لئے گئے لیکن اپنے علاقہ میں آنے کے بعد ان تعلیمات لوگوں کے لئے قابل فہم بنانے کے غرض سے ہرقوم کے مقامی زبان میں درس وتدریس کا آغاز واہتمام کیا اور مدارس میں تعلیم کے ساتھ علماء کرام وعظ اور تبلیغ کے لئے بھی اس مقامی زبان کو استعمال کیا۔ جمعہ کے خطبات کے علاوہ تمام دینی اجتماعات میں بھی مقامی زبان کا استعمال علماء نے کیا اور یوں علماء کرام نے اس زبان کواوراس زبان کے تمام الفاظ واصطلاحات کوزندہ کیا اس اعتبار سے یہ کہا جاسکتا ہے یہ دینی مدارس اسلامی خدمات کے ساتھ اقوام مختلفہ کے رسوم ورواج ومقامی زبان کے زندہ رکھنے میں اساسی کردار ادا کیا ہے جوآج تک جاری ہے اوراسلامی تعلیمات بھی اگرکسی قوم کے رسم ورواج اسلامی تعلیمات سے متصادم نہ ہوئے تو بھی اس قوم کے رسم ورواج کو برقرار رکھا جاتا چونکہ فطرت انسانیہ ہے کہ اپنی زبان میں بات بہتر جلد سمجھ آتی ہے اسلئے برا ہوئی زبان کے علماء کرام نے بھی اس فطری اُصول کو برقرار رکھا تاکہ متعلمین تعلیماتِ اسلامی کے فہم کیلئے آسانی ہوجبکہ عصری تعلیم کے لئے اکثر اسلامی ممالک میں خاص کر ہمارے ملک میں انگریزی تعلیم کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ اس لئے پہلے دس سالوں میں جب

خون تازہ ہوتا ہے فہم فراست حافظہ تیز ہوتا ہے ہمارے طالب علم صرف زبان انگلش سیکھتے ہیں اور اگلے پانچ چھ سال فنون سیکھنے کے لئے دیئے جاتے ہیں جو ضیاعِ وقت ہے کیونکہ انگریزی لغت کی طرف رغبت فطری نہیں ہوتی ہے بلکہ یہ جبری ہوتی ہے۔

براہوئی قوم کا اسلام سے مشابہت ومماثلت:

یہاں ایک اہم نقطہ کی طرف اشارہ ضروری ہے کہ براہوئی قوم کے زبان ومعاشرتی رسم ورواج کو اس لئے علماء کرام نے زندہ رکھا کیونکہ براہوئی قوم کے 80 فیصد معاشرتی طور وطریقے اسلام کے ساتھ مماثلت ومشابہت رکھتے ہیں اس بنیاد پر براہوئی قوم نے اسلام کے نظام کو جلد قبول کیا اور اسلام کے رنگ میں جلد رنگ گئے براہوئی علماء کرام نے جہاں زبان کے لغات کو زندہ رکھا اور وہ اپنی نشستن برخاستن اور دیگر انسانی ضرورتوں رہن سہن معاملات میں بھی براہوئی قوم کی ترجمانی بھی کی ہم اگر آج بھی تنگ نظری کو چھوڑ دیں تو براہوئی قوم کے اصل نمائندگی علماء کرام ہی کررہے ہیں اور باقی دعوے دار صرف زبانی جمع خرچ پر پوری قوت صرف کرتے ہیں جبکہ فطری اُصول یہ ہے دعویٰ اگر بغیر عمل کے ہو وہ تاثیر نہیں رکھتا۔

پاکستان اگرچہ اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا اور اس ملک میں ریاست براہوئیہ اسی جذبہ کے تحت شامل کیا گیا کہ اس ملک میں اسلام کا نظام عدل نافذ ہو لیکن ان تمام امیدوں پر اس وقت پانی پھیر دیا گیا جب اس ملک میں برطانیہ کے نظام تعلیم کو رائج کیا گیا اگرچہ جسمانی طور پر ہم آزاد ہو بھی گئے لیکن ذہنی طور پر ہم آج بھی انگریز کے غلام ہیں ذہنی غلامی جسمانی' غلامی سے بدتر اور خطرناک ہوتا ہے کیونکہ وہاں کم از کم سوچ آزاد ہوتا ہے۔ یہاں دماغ کو مفلوج کردیا جاتا ہے۔ آج بھی ہمارا یہ مطالبہ ہے کہ ان علاقوں میں جہاں براہوئی زبان بولی جاتی ہے کم از کم براہوئی

زبان کو پرائمری اسکولوں میں بطور تدریسی زبان رائج کیا جائے تاکہ جو براہوئی لغت کو زندہ رکھنے کے لئے ضروری ہے اور اس طرح ہر علاقہ میں رہنے والوں کی لغت کے لئے ضروری ہے کہ پرائمری کی تعلیم ان کے مادری زبان میں ہو لیکن ہم کیا کریں لاڈ میکالے کا فارمولہ ہم پر صادق آگیا ہے اس نے کہا تھا کہ اگرچہ ہم ہندوستان چھوڑ کر جارہے ہیں لیکن ہمارے مروج نظام تعلیم کی وجہ سے یہاں کی نئی نسل شکل وصورت سے مسلمان لیکن ان کا دماغ وسوچ ہمارا یعنی انگریز کا ہوگا۔

براہوئی زبان ایک قدیم ترین زبان ہے۔ یہ زبان اپنی قدامت کے اعتبار سے کم از کم برصغیر کا قدیم ترین زبان کہا جاتا ہے براہوئی زبان کو مختلف مؤرخین ومحققین نے داروڑی کہا ہے۔ موئن جودڑو' مہرگڑھ' جھلاوان وسراوان میں ہزاروں سال قبل آباد قوم کو محققین نے براہوئی لکھا ہے براہوئی ایک دروڑی لفظ ہے وڑ اکوئی کا تبدیل شدہ شکل ہے جس کے معنی شمالی پہاڑی لوگ کے ہیں۔ براہوئی زبان سندھ بلوچستان پاکستان کے مختلف علاقوں کے علاوہ افغانستان' ایران' خلیجی ممالک اور ترکمانستان میں بولا جاتا ہے اور اس بارے میں جس طرح کی تحقیقات سامنے آئے ہیں وہ صداقت سے قریب تر معلوم ہوتے ہیں جبکہ آثار قدیمہ کے ماہرین نے موئن جودڑو' مہرگڑھ' بلوچستان کے سراوان جھلاوان کے مختلف قدیم آثار سے جو نتیجہ اخذ کیا ہے اس کا نتیجہ یہ ہے براہوئی زبان 8000 سال قدیم ہے۔

ریاست براہوئیہ کا براہوئی زبان سے ناانصافی:

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ کسی بھی زبان کے دائمی تحفظ کے لئے اور اس کو پروان چڑھانے میں سرکاری سرپرستی ایک اہم نکتہ ہوتا ہے دنیا میں ہم رومن زبان' عربی زبان یا موجودہ زمانے کے انگریزی لغت وزبان کو دیکھتے ہیں تو ان کے زندہ

رکھنے میں ان کے حکومتوں کا کردار رہا ہے۔ جنہوں نے نہ صرف اپنے ریاستوں میں اپنے زبانوں کو سرکاری زبان قرار دے دیا بلکہ دنیا کے تمام علوم وفنون کے اصطلاحات وتعلیمات کو اپنے اپنے زبانوں میں تبدیل کر کے اپنی قوم وزبان کی خدمت کی اور علوم وفنون کے حصول کو آسان وسہل بنا دیا اس سلسلے میں ایک اعتبار سے براہوئی زبان کو خوش قسمت کہا جا سکتا ہے کہ اس زبان کے بولنے والوں نے سات سو سال تک ہزاروں کلومیٹر کے علاقہ پر حکومت کی لیکن بدقسمتی یہ ہے کہ ریاست براہوئیہ میں سرکاری زبان کے لیے براہوئی کی بجائے فارسی سے کام لیا گیا۔ خوانین نے اگر چہ حکومت براہوئی قبائل پر کی لیکن سرکاری زبان فارسی استعمال کی۔ پڑھنے لکھنے علم وتحقیق کی زبان فارسی رہی۔ اس وجہ سے براہوئی زبان میں کچھ سیکھنے کے لیے کوئی ابتدائی تعلیمی ادارہ، کالج، یونیورسٹی ریاست قلات میں قائم نہیں کیا جا سکا لڑکھڑاتے گرتے اوسنبھل کر اٹھنے والا براہوئی زبان نے اپنے وجود کو جن لوگوں کی وجہ سے برقرار رکھا اور جو لوگ براہوئی زبان کی تعارف بنیں وہ علماء علوم اسلامی تھے اور یہ بھی کہ علماء کرام کے قائم کردہ مدارس براہوئی زبان کے ترویج کے مراکز کے طور پر سامنے آتے رہے۔ یہی وہ اہم سبب ہے جس کی وجہ سے براہوئی زبان وادب سرکاری سرپرستی نہ ملنے کے باوجود معاشرہ میں زندہ رہا یونیسکو کے رپورٹ اپنی جگہ لیکن علماء کرام کے قائم کردہ اداروں نے براہوئی زبان کو اللہ کے آخری دین اسلام کی تعلیمات کے ساتھ منسلک کر کے براہوئی زبان کے ختم ہونے کے تمام خطرات کو معدوم کر دیا۔

(نوٹ: یہ معروضات ایک مقالہ کے طور پر لکھے جا رہے ہیں ان معروضات میں کتابی شکل نہیں اس لئے ہر پیراگرف کے ساتھ حوالہ نہیں دیا جاتا۔ اس

نوٹ سے قبل جو معروضات تھے وہ خالصتاً میرے ذہن کے اختراع تھے مجھے توقع ہے کہ وہ موضوع سے قریب ہونگیں آگے کے صفحات میں ان علماء کرام کے نام ونسب ان کے کاوشوں وکتابوں کے بارے میں ہیں جو براہوئی قوم وزبان کے محسن وپہچان رہے ہیں اس طرح کے معلومات جمع کرنے میں راقم نے جن کتابوں سے مدد ومعاونت حاصل کی ہے ان کتابوں میں بلوچستان میں دینی ادب مصنف ڈاکٹر عبدالرحمٰن براہوئی، مہرنا کچاری مرتبہ سوسن براہوئی، حیات شیخ التفسیر مصنف مولانا اشرف علی لہڑی، مکتبہ درخانی مصنف عبدالباری لہڑی، مقالات ذوق مصنف ذوق براہوئی اور راقم کی اپنی کتاب میرا جہلاوان شامل ہیں۔

براہوئی زبان کے مشاہیر علماء کرام:

راقم نے ابتدائی مضمون میں عرض کیا تھا کہ مدارس اسلامیہ کی موجودہ شکل ظہور اسلام کے ایک ہزار سال کے بعد کی ہے کیونکہ ایک ہزار سال تک اسلامی علوم کو سرکاری سرپرستی حاصل تھی جب مسلمانوں کی حکومتیں عملاً ختم ہوئیں تو علوم اسلامیہ کا سرپرستی بھی ختم ہوئی لیکن اس ایک ہزار سال میں بھی علماء کرام اپنی ذات میں اور علوم میں براہوئی زبان کے ترجمان تھے وہ جہاں بھی گئے چاہے شاگرد بنے یا استاد انہوں نے براہوئی زبان کی تعارف کی اور ان کی وجہ سے براہوئی زبان متعارف ہوتا رہا اس لئے ہم ذیل میں ان علماء کرام کا ذکر کریں گے جو قلات خضدار سے تھے لیکن علم حدیث وفقہ میں وہ چار دانگ عالم میں مشہور ومعروف ہوئے۔

خضدار ''قصدار'' کے قدیم دور کے علماء کرام:

یہ علماء کرام جو خضدار سے تعلق رکھتے تھے ان کے نام مختلف محققین نے ذکر کیے ہیں قاضی اطہر مبارک پوری ڈاکٹر عبدالرحمٰن براہوئی نے ان علماء کرام کے نام

تفصیل کے ساتھ لکھے ہیں اور راقم نے بھی اپنے مقالہ "جہلاوان کے اسلامی تشخص" میں قدرے تفصیل کے ساتھ علماء کرام کا ذکر کیا ہے۔ان علماء کو علماء طوران بھی کہا جاتا ہے کیونکہ طوران میں ساروان اور جہلاوان کے علاقے شامل تھے خضدار ایک زمانے میں طوران کا مرکز بھی تھا اس لئے ہم قیقان (قلات) کے علماء کرام کو بھی خضدار کے علماء کرام کی فہرست میں شامل کریں گے۔

ابوداؤد سیبویہ خضداری رحمتہ اللہ علیہ:

ابوداؤد سیبویہ کے والد گرامی محمد اسماعیل رحمتہ اللہ تھے۔آپ کا والد گرامی خضدار کا باشندہ تھا آپ کے والد نے ترک وطن کر کے مکہ مکرمہ چلے گئے اور وہاں ابوداؤد پیدا ہوا مقامی علماء کرام کے پاس حدیث کا علم پڑھا اور اپنے وقت کے بہت بڑے محدث بنے۔آپ محمد ابراہیم دیبلی کے بعد ہند کے دوسرے بڑے عالم تھے یقینی طور یہ امر خضدار اور براہوئی قوم کے لئے بہت بڑا شان واعزاز ہے ابوداؤد سیبویہ کے اساتذہ میں العاص ابوالقاسم علی بن اللہ' محمد بن یحییٰ طاہری الحسینی' ابوالفتح رجا بن عبدالواحد اصبھانی' حافظ ابوالحسین یحییٰ بن ابراہیم مکحول بن ادطبی الحسن الرواسی جیسے فضلا ہیں آپ کی وفات روایات کے مطابق 460 یا 463ھ میں مکہ مکرمہ میں ہوئی ہے آپ خضدار کے اہم اور کبیر محدثین میں سے ہیں بلاد عرب وعجم کے علماء کرام نے آپ سے حدیث پڑھی ہے۔

ابوجعفر قصداری (خضداری) رحمتہ اللہ:

ابوجعفر بن خطاب قصداری بلخی ابوجعفر خضدار کے باشندہ تھے یہاں کے مقامی محدثین علماء کرام سے علم حاصل کیا اور پھر یہاں سے ہجرت کر کے بلخ چلے گئے آپ ابوجعفر خضداری اپنے زمانہ کے مشہور محدث' فقیہ اور زہد وتقویٰ میں اپنی مثال

آپ تھے اپنے ہم عصروں میں انتہائی شان وشوکت کے مالک تھے آپ کے مشہور استادوں میں ابوالفضل عبدالصمد بن نصیر الحاصمیؒ ہیں جن سے ابوجعفر قصداری نے حدیث کا علم حاصل کیا تھا آپ کے بلخ اور دیگر بلاد اسلامیہ میں بہت سے شاگرد تھے جو اپنے زمانہ کے کبار علماء کرام میں شمار ہوتے تھے جن میں حافظ عبدالفتوح' عبدالغافرین الحسینی' بن علی الکاشغری جن کی پیدائش ہے ان کی شان وشوکت وعلمی مقام کے بارے میں ڈاکٹر عبدالرحمٰن براہوئی اپنی کتاب بلوچستان میں دینی ادب میں قاضی اطہر مبارک پوری کے کتاب کے اقتباس سے یوں تحریر کرتے ہیں۔

"حضرت امام ابومحمد جعفر بن خطاب قصداریؒ بہت بڑے فقیہ عابد وزاہد بزرگ تھے ان کا مولد ومنشا قصدار تھا مگر بعد میں مستقل قیام خراسان کے شہر بلخ میں اختیار کرلیا ان کے شیوخ حدیث میں ابوالفضل عبدالصمد بن محمد بن نصیرالاعصمیؒ اور تلامذہ میں ابولفتوح عبدالغافر بن حسین بن علی کاشغری ہے جو حافظ الحدیث اور بڑے باشعور عالم دین تھے امام ابومحمد قصداری کا زمانہ پانچوں صدی یا اس سے کچھ پہلے کا تھا علامہ سمعانی نے کاب الانساب میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔

مقسم قیقانی کوفی رحمتہ اللہ تعالیٰ:

قیقان قلات کا تاریخی نام ہے قلات کے بارے میں قاضی اطہر مبارک پوریؒ کے حوالے سے ڈاکٹر عبدالرحمٰن براہوئی نے لکھا ہے کہ یہ وہ تاریخی شہر ہے ازمنہ قدیم میں یہاں سیواؤں کی حکومت تھی۔اس قلات کو سیوا قلات کہا جاتا ہے میں اپنے مقالہ جہلاوان کے اسلامی تشخص میں مختلف حوالوں سے گزارش کی تھی کہ بلوچستان کے ان علاقوں پر جن کو عرب ثغر ہند کہتے تھے جن میں طوران کے علاقے شامل تھے خلیفہ ثالث حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں حملہ آور ہوئے تھے

لیکن قاضی اطہر مبارک پوری کا کہنا ہے کہ قیقان جو گیگان سے ہے ابھی اس کا نام قلات ہے 39 ‘38ھ میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں خلیفہ کی اجازت سے حارث بن مرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قیقان پر حملہ کیا اور فتح کر کے مال غنیمت حاصل کیا مگر ان کے مطابق اس علاقہ میں اہل قیقان نے بغاوت کر کے حارث بن مرہ ان کے ایک ہزار ساتھیوں کو 42ھ میں شہید کیا۔ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں پھر حضرت حارث بن مرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قلات پر حملہ آور ہوئے قلات کو فتح کیا بعد ازاں اللہ کے رسول ﷺ کے مشہور صحابی حضرت سنان بن سلمہ رضی اللہ تعالیٰ نے قلات (قیقان) فتح کیا تھا اور حضرت سنان بن سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فاتح خضدار بھی ہیں۔

ابراہیم بن مقسم قیقانی کوفی رحمتہ اللہ علیہ :

حضرت ابراہیم بن مقسم قیقانی (قلاتی) کوفی رحمتہ اللہ علیہ قلات کے مشہور علماء کرام میں سے تھے آپ بعد میں ہجرت کر کے کوفہ میں مستقل قیام پذیر رہے اور آپ فقیہ تھے لیکن آپ اپنے وقت تجار میں بھی تھے تجارت کے غرض سے کوفہ سے بصرہ دیگر علاقوں میں اس کا آنا جانا ہوتا تھا۔ قبیلہ بنی شیبان کے بیوہ عورت علیہ سے کوفہ میں ان کی شادی ہوئی علیہ ایک علم دوست خاتون تھی جس کی وجہ سے ابراہیم بن مقسم کا کوفہ عوف کے مقام پر مستقل رہائش رہی اور وہیں پر آپ کی وفات ہوئی۔

ابوالبشر اسماعیل بن ابراہیم بن مقسم قیقانی بصری رحمتہ اللہ علیہ:

آپ ابوالبشر اسماعیل بن ابراہیم بن مقسم قیقانی (قلاتی) دوسری صدی ہجری کے ایک بہت بڑے محدث وفاضل ہیں یہ محدث امام بخاری کے استاذ الاساتذہ میں شمار ہوتے ہیں آپ 110ھ میں علیہ بنت حسان شیبانی کے بطن سے پیدا

ہوئے۔ آپ کی والد علیہ ایک عالمہ فاضلہ خاتون تھی اور آپ اسماعیل رحمۃ اللہ اپنے نگرانی میں بصرہ کے علما سے حدیث پڑھے۔ حدیث میں آپ کا مقام ثقہ وحجت کا تھا آپ کے زندگی میں امویہ خاندان کی حکومت تھی اس لئے ہارون رشید نے آپ کو صدقات کا مہتمم مقرر کیا اس لئے آپ کا بغداد میں مستقل قیام ہوا بغداد میں 193 ہجری میں آپ کا انتقال ہوا۔ مشہور محدث عبداللہ بن مبارک کے دامن میں آپ کا قبر مبارک ہے اہل طوران قلات کے لئے ابوالبشر ابراہیم کا نسبت ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔

عہدے قدیم کے بعد جدید کے مدراس ان میں پڑھنے والے علماء کرام:

براہوئی ادب کو دور قدیم کے بعد دور جدید میں جو سہارا ملا ہے اس میں بھی بڑا کردار مدارس کا اور ان مدارس میں پڑھنے اور پڑھانے والے علماء کرام ہی کا ہے دینی علوم سے واقف علماء کرام اس بات کو جانتے ہیں کہ قرآن کریم اور احادیث میں جو لغت استعمال ہوئی ہے وہ پہاڑی دیہاتی ہے بود و باش میں بھی قرآن کریم ان ہی لوگوں کے معاشرہ کا عکاسی کرتا ہے جو کوہ و بیابان کے رہائش پذیر ہیں اس کے ساتھ دینی مدارس میں ادب کے کتابوں کا ایک کثیر تعداد بھی پڑھائی جاتی ہے ان ادبی کتابوں میں بھی دیہاتی لغت کی ترجمانی ہوتی ہے کیونکہ عرب بدو اور دیہاتوں کے رہنے والے تھے ان کا مرثیہ‘ عشق و معاشقہ‘ تعریف و توصیف بھی کوہ و بیابان کے رسم ورواج کے تحت گھومتی ہے اس لئے مدارس میں قرآن پڑھایا جائے‘ حدیث یا عربی اشعار و ادب ان تمام چیزوں کا ترجمہ و تشریح با محاورہ عربی سے براہوئی زبان میں کیا جاتا ہے اور اس طرح براہوئی زبان کے محاورات و لغت کے پوشیدہ الفاظ بھی سامنے آجاتے ہیں اس کے ساتھ براہوئی علماء کرام کی نشست و برخاست لباس و شکل بھی براہوئی قوم کے رسم ورواج کی عکاس ہوتی ہے کیونکہ براہوئی قوم نے جب اسلام

قبول کیا اور اسلام نے ان کے رسم ورواج شکل صورت کو اسلام کے قریب تر جان کر برقرار رکھا۔ جہاں تک بات کی جائے عصری اداروں کے ان اداروں نے براہوئی قوم کے زبان ورسم ورواج کو اپنے پست خیالات کی وجہ سے نقصان پہنچایا ان لوگوں نے مقامی انگریزی اداروں میں پڑھا ہے یا پھر بیرون ملک پڑھنے گئے لیکن براہوئی زبان میں آدھے سے زیادہ انگریزی اردو کی ملاوٹ کی اور شکل وشبہات میں انگریز کے ہوکر رہ گئے جس سے براہوئی زبان رسم ورواج کو شدید نقصان پہنچا شاعر نے کیا خواب کہا کہ

اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کی چراغ سے

برطانیہ سامراج براہوئی قوم وزبان کیلئے خطرات اور براہوئی علماء کرام کی خدمات:

جس طرح کہ شیطان ایک اس کے کارندے ہزاروں لاکھوں میں ہوتے ہیں یہ بظاہر ایک منصوبہ رکھتا ہے لیکن اس کے پیچھے اس کے ہزاروں شکلیں ہوتی ہیں اس طرح تاج برطانیہ نے جب برصغیر پر قبضہ کیا تو اس علاقے کو بھی اپنے قبضے میں لایا یہاں کے مقامی رسم ورواج اور زبانوں کو اس کے اس قبضہ گیری کے بعد شدید قسم کے خطرات لاحق ہوگئے تو براہوئی زبان رسم ورواج کو بھی خطرات لاحق ہوگئے ان خطرات کو بھانپ کر براہوئی علماء کرام نے جہاں مذہب اسلام کو بچانے کے لئے جدوجہد کی وہاں پر انہوں نے براہوئی زبان ورسم ورواج کو بچانے کے لئے بھی گران قدر خدمات سرانجام دی یہاں ان خدمات کے لئے ایک مستقل باب ضروری ہے یہاں تو دینی مدارس ان کے فاضل علماء کرام کا مختصر ذکر کیا جاتا ہے۔

مکتبہ درخانی تعارف وخدمات:

مکتبہ درخانی کو بلوچستان سندھ میں علمی مرکز ہونے کے ساتھ براہوئی زبان وادب میں اولیت وانفرادیت حاصل ہے یہ ادارہ ایک خاص مقصد کے تحت

قائم کیا گیا تھا کہ انگریز سامراج کو علمی وعملی میدان میں شکست دی جائے اس کا مقابلہ کیا جائے۔ درخان بستی میں اس مکتبہ کو 1882ء میں قائم کیا گیا تھا یہ ادارہ ایشیاء کے دوسرے بڑے دینی ادارہ دارلعلوم دیوبند کے قیام 1866ء کے 20 سال بعد قائم کیا گیا تھا۔ مکتبہ درخانی نے اس علاقہ میں جہاں پر برطانیہ سامراج کے مضبوط پنجوں کو توڑ دیا وہاں اس ادارے نے براہوئی زبان وادب اور رسم ورواج کی بقاء کے لئے گران قدر خدمات انجام دیں بلکہ ہم دیکھتے ہیں کہ براہوئی ادب وزبان میں دینی کتب اور لسانی وشعری مجموعات کے لکھنے والوں کا اسی ادارے سے تعلق جا کر جڑ جاتا ہے مکتبہ درخانی بلوچستان کے شہر ڈھاڈر سے پانچ کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ایک دینی ادارہ ہے لیکن اب اس ادارہ کے صرف کھنڈرات ہیں اس ادارے کا بنیاد مولانا محمد فاضل درخانی نے رکھا تھا یہ دینی ادارہ ایک بستی میں قائم کرنے کا مقصد سامراج کے ریشہ دوانیوں کا مقابلہ کرنا تھا جو مسلمانوں کے دینی وقومی روایات کا دشمن تھا۔

مولانا محمد فاضل رئیسانی درخانی کا مختصر تعارف:

براہوئی علم وادب کے روشن چراغ مولانا عبدالقیوم جوہر براہوئی نے اپنی کتاب براہوئی تخلیق کار میں مولانا محمد فاضل درخانی کا سن پیدائش 1246ھ بمطابق 1830ء لکھا ہے مولانا محمد فاضل درخانی 9 سال کا تھا کہ مولانا فاضل درخانی نے اس کم سنی میں اپنے دیگر دو ساتھیوں سمیت انگریز کے چوکی پر حملہ کر کے چوکی کو نقصان پہنچا دیا۔ مولانا محمد فاضل درخانی نے یہ ادارہ اپنے والد درخان کے نام سے منسوب کیا تھا اور آپ کے والد گرامی کے نام پر گاؤں کا نام درخان تھا مولانا محمد فاضل درخانی 1896ء میں اس دارِفانی سے کوچ کیا۔ مولانا محمد فاضل درخانی نے سندھ شکارپور سمیت مختلف دینی اداروں اور علماء کرام سے علم حاصل کیا آپ اپنے

وقت کے جید عالم دین، مبلغ اور زہد وتقویٰ کے نمونہ تھے تدریسی خدمات کے ساتھ آپ چھٹی کے دنوں میں دور دراز کے علاقوں میں جا کر وعظ وتبلیغ کرتے لیکن آپ اس دینی فریضہ کی ادائیگی پر کسی سے عوض نہ لیتے نہ کہ دوسروں کا کھانا کھاتے بلکہ زادِ راہ اپنے ساتھ لے جاتے۔

مکتبہ درخانی کے چند فضلاء کرام:

مولانا عبدالحئ درخانی: چونکہ علامہ مولانا محمد فاضل درخانی کا کوئی نرینہ اولاد نہ تھی اسی لئے علامہ کی رحلت کے بعد ان کے بھائی مولا داد کے فرزند مولانا عبدالحئ کو 1897ء میں مکتبہ درخانی کا انتظام سنبھالنا پڑا۔ مولانا عبدالحئ درخانی نے علامہ محمد فاضل درخانی سے تعلیم پائی تھی اور وہ بھی ایک باعمل عالم دین ثابت ہوئے۔ مولانا عبدالحئ نے مکتبہ کو مزید وسعت دی اور نہایت خوش اسلوبی سے اپنے فرائض کی انجام دہی کی ان کے دور میں ایک سو سے زائد طلبہ مدرسہ درخانی سے فارغ التحصیل ہوئے اور اس ادارہ کے فارغ التحصیل علماء جنہوں نے براہوئی اور بلوچی زبانوں میں مختلف کتابیں لکھ اور چھاپ کر شائع کیں مولانا محمد عمر دین پوری، مولانا عبدالحکیم، مولانا عبدالمجید، مولانا محمد مچھ والے، مولانا محمد عثمان کلوئی رند، مولانا محمد کوری، مولانا محمد اسماعیل گلوشہر سبی، مولانا یامین مری کوہلو، حاجی ولی محمد لہڑی، مولانا محمد ہارون، حکیم مراد علی رئیسانی، مولانا محمد ہاشم چوتائی، مولانا محمد عارف لوحی، حاجی عبدالرحیم لہڑی، مولوی ابوبکر رئیسانی، مولوی محمد اسماعیل مری، سائیں داد غلام بولک، حاجی عبدالقادر کھوسہ، علی محمد بکھاڑوسبی، ملا محمد یوسف، مولوی سیف اللہ کے نام قابل ذکر ہیں مولانا عبدالحئ درخانی کی سرپرستی میں درجنوں کتابیں براہوئی زبان میں چھپ کر شائع ہوئیں لیکن آپ کے اخلاص کا یہ معیار تھا

کہ آپ اپنی کتابیں بھی شاگردوں کے نام سے شائع کراتے مولانا عبدالحئ درخانیؒ حقیقی معنوں میں اپنے چچا کے سچے جانشین ثابت ہوئے۔

مولانا عبدالغفور رئیسانی درخانی رحمتہ اللہ:

مولانا عبدالغفور درخانی 1925ء میں تحصیل سبی کے بستی دیپال بچا خان میں پیدا ہوئے آپ کے والد کا نام مولوی ابوبکر تھا جو ایک جید عالم تھے جس نے آپ کو دین کی تعلیم دلائی مولوی عبدالغفور درخانی نے 1940ء میں پنجاب یونیورسٹی سے میٹرک کا امتحان پاس کیا 1943ء میں آپ نے کوہلو کی بستی سفید شہر میں ایک دینی مدرسہ کی بنیاد رکھی اور وہاں چھ برس تک درس وتدریس کا سلسلہ جاری رکھا۔ 1949ء میں آپ نے وڈھ جھلاوان میں ایک مدرسہ قائم کیا۔ 1953ء میں اردو زبان میں مبلغ کے نام سے ایک ماہنامے کا اجرا کیا جو کچھ عرصہ کے بعد ہفت روزہ کی صورت 1966ء تک کوئٹہ سے شائع ہوتا رہا۔ انہوں نے براہوئی، بلوچی، فارسی میں متعدد کتابیں تصنیف کی جن میں سراسر نور، مجربات عبدالغفور، فرحت وسور، نور الایضاح، حدیث اربعین، شروط الصلواۃ، خطبات مولوی عبدالغفور اور فتاویٰ درخانی کے نام قابل ذکر ہیں۔

مولانا مراد علی رئیسانی فاضل مکتبہ درخانی:

آپ ایک جید عالم دین مصنف تھے اپنے مکتبہ درخانی کے مقاصد کے تحت اسلام وبراہوئی قوم کے زبان ورسم ورواج کے لئے گران قدر خدمات انجام دیں آپ مولانا مراد علی رئیسانیؒ شوران زئی طائفہ سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ براہوئی زبان کے مشہور عالم دین مولانا عبدالحئ درخانیؒ کے بھانجے تھے۔ آپ نے زندگی

کے آخری ایام مستونگ کے علاقہ کانک میں رہتے ہوئے گزاری۔آپ کی وفات کانک ضلع مستونگ میں ہوئی اور وہیں پر مدفون ہیں۔آپ درج ذیل کتابوں کے مصنف ہیں: محمود نامہ (فارسی) براہوئی ترجمہ' گلشن غزلیات (براہوئی)' مجربات حکیم بلوچستان (براہوئی)' سکرات نامہ (براہوئی)' قصہ درالمختار (براہوئی)' ترجمہ کریما (براہوئی)۔

مولانا عبدالباقی درخانی رئیسانی رحمتہ اللہ:

مولانا عبدالباقی درخانی بھی ایک جید عالم دین مصنف تھے۔آپ کی زندگی بھی اسی جدوجہد سے تعبیر تھی جوان کے شیخ المشائخ مولانا محمد فاضل درخانی رحمتہ اللہ کی وضع کردہ تھی۔آپ 20 ربیع الثانی 1332ھ بمطابق 1924ء بمقام ڈھاڈر پیدا ہوئے۔آپ مولانا عبداللہ درخانی کے فرزند ہیں۔آپ کی تصنیف کردہ کتابوں کی تعداد ایک درجن کے قریب ہے جن میں ترقی نا رفتار (براہوئی)' ارمان (اردو)' پاکستان ناترقی (براہوئی)' مجرباتِ درخانی (براہوئی)' سوغات (براہوئی)' سپاس نامہ (براہوئی)' تاج التعویذات (براہوئی)' خطبات درخانی (براہوئی)' کشف الصدور (فارسی) اور خطبہ جمعہ (بلوچی) شامل ہیں۔

مولانا محمد عمر بنگلزئی رحمتہ اللہ فاضل مکتبہ درخانی:

مولانا محمد عمر بنگلزئی مرحوم بنگلزئی قبیلہ کے ٹکّر دینا رزئی سے تعلق رکھتے تھے۔آپ کے والد کا نام شیر محمد ہے۔مولانا محمد عمر دشت ضلع مستونگ بستی مرو کے رہنے والے تھے۔آپ کی پیدائش اور وفات کے بارے میں کوئی سند متعین نہیں ہے۔البتہ آپ بھی اپنے اساتذہ اور ہم مکتبوں کی طرح ایک اچھے عالم بہترین مصنف تھے آپ موسم سرما میں ڈھاڈر جا کر مدرسہ درخانی میں تدریسی خدمات کے ساتھ تصنیفی

خدمات بھی انجام دیتے تھے۔آپ کے تصنیفات کی تعداد ایک درجن سے زائد ہے جن میں سے کچھ کے نام درج ذیل ہیں۔

معراج مصطفیٰ ﷺ (براہوئی)' نصیحت نامہ (براہوئی)' وفات نامہ بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہ (براہوئی)' معجزات مصطفیٰ دوئم (براہوئی)' معجزات مصطفیٰ سوئم' وفات نامہ حضور ﷺ (براہوئی)' جنگنا مہ خالد بن ولید (براہوئی)' معراج نامہ (براہوئی)' غیرت الاسلام اول (براہوئی)' غیرت الاسلام دوئم (براہوئی)' غیرت الاسلام سوئم (براہوئی)' غیرت الاسلام چہارم (براہوئی) اور غیرت الاسلام پنجم (براہوئی)۔

علامہ مولانا محمد عمر دین پوری:

علامہ محمد عمر دین پوری ابن عطا محمد براہوئی قوم کے پندرانی قبیلہ سے تھے آپ کی سن پیدائش کا صحیح علم نہیں کیونکہ ایک خانہ بدوش قبیلہ میں تاریخ سن پیدائش لکھنے اور محفوظ رکھنے کا رسم نہیں تھا لیکن علامہ دین پوری کے بڑے بھائی محمد صدیق کی ایک روایت کے مطابق آپ کا سن پیدائش 1883ء بنتا ہے آپ ایک خانہ بدوش خاندان کے فرزند ہونے کی وجہ سے لڑکپن میں عام دستور کے مطابق بھیڑ بکریاں چرانے لگیں لیکن اس دوران فراغت کے اوقات میں اپنے رشتہ دار ملا ڈاہی سے قاعدہ اور قرآن کریم ناظرہ پڑھ کر مکمل کیا وراسی طرح اپنے ہی خاندان کے ایک فرد آخوند عبدالغفور سے فارسی کے ابتدائی کتابوں کو پڑھ لیا چونکہ علامہ دین پوری میں طلب علم کا جذبہ موج زن تھا اس پیاس واشتیاق کو بجھانے کے لئے آپ 23 سال کے عمر میں درہ بولان میں واقع اس وقت کے معروف دینی ادارہ ''براہوئی یونیورسٹی'' قائم کردہ مولانا محمد فاضل درخانی میں 1905ء میں داخلہ لیا۔

اس وقت مولانا محمد فاضل درخانی کا انتقال ہوا تھا لیکن آپ کا بھتیجا مولانا عبدالحئ درخانی ادارہ کے روح رواں تھے۔ مولانا محمد عمر دین پوری ایک سال تک وہاں تعلیم حاصل کرتے رہے ڈیڑھ سال بعد واپس اپنے علاقہ ''وکڑو'' جیکب آباد سندھ چلے گئے اور رشتہ ازدواج سے منسلک ہوئے۔ وہاں ان کے ذہن میں ایک کشمکش پیدا ہوئی کیونکہ رشتہ داروں کی خواہش تھی کہ آپ مزید پڑھ لکھنے کی بجائے ہمارے ساتھ رہیں اور جدی پدری بھیڑ' بکریوں کے پیشہ سے وابستہ رہیں نئی نویلی دلہن کی بھی یہی خواہش ہوگئی لیکن علامہ دین پوری کو رب العالمین کسی اور مقصد کے لئے منتخب فرمایا تھا اسی کشمکش میں ڈیڑھ سال گزر گیا اور ڈیڑھ سال کے بعد آپ پھر مکتبہ درخانی تشریف لائے۔ علوم وسلوک کی تکمیل کا پھر سے آغاز کیا آپ اپنے قدرتی صلاحیتوں کی بدولت متعلم کے ساتھ معلم کے فرائض انجام دہی شروع کیئے اس دور ان آپ اپنے مربی استاد کے حکم پر 1335ھ میں قرآن کریم کا براہوئی زبان میں ترجمہ کیا یہ وہ زمانہ تھا جب عیسائی مشینری نے بائبل کا ترجمہ براہوئی زبان میں کیا تھا۔ اسی مشینری کی ہرزہ سرائیوں کو روکنے کے لئے علامہ دین پوریؒ نے یہ عظیم خدمت انجام دیا اور بے سروسامانی میں اس ترجمہ قرآن کریم کو خالص رب جلیل کی مدد خاص اور کچھ مخیّر حضرات کی تعاون سے چھپوا کر عام مسلمانوں میں مفت تقسیم کیا۔ میرے مطابق علامہ شاہ ولی اللہ دہلوئی کے بعد غیر عربی زبان کے گنے چنے مترجمین قرآن کریم میں علامہ محمد عمر دین پوری کا شمار ہوتا ہے۔ مولانا محمد عمر دین پوری مکتبہ درخانی میں تکمیل علوم ظاہر و باطنی کے بعد اپنے وطن ''وکڑو'' میں اپنے خدمات دینیہ کا انجام شروع کیا اس دوران آپ کے مربی واستاد مولانا عبدالحئ درخانی آپ کے ہاں تشریف لائے اور ''وکڑو'' کے چند جگی نما مکانات میں چار دن قیام فرمایا دین کی تبلیغ کے جذبہ کے تحت ''وکڑو'' نامہ بستی کا نام ''دین پور'' رکھا گیا اور اسی بستی کی نسبت کی

وجہ سے علامہ کو دین پوری کہا جاتا ہے مولانا محمد عمر دین پوری نے یہاں مدرسہ محمدیہ کا بنیاد رکھا اور عورتوں کے لئے الگ دینی تعلیم کا ادارہ کھولا گیا علامہ دین پوری کی بیٹی مائی تاج بانو تعلیم نسوان کے لئے اپنی خدمات وقف کی مولانا دین پوری رحمتہ اللہ 1946ء میں ہجرت کر کے نڑمولہ آئے یہاں انہوں نے مدرسہ دارالھدیٰ ودار السعادت کے نام سے ایک دینی ادارے کا نام رکھا تعلیم وتعلُّم تصنیف وتبلیغ کا آغاز کیا اور مولانا نڑ میں 1367ھ میں اس دار فانی سے رحلت کر گئے۔ علامہ دین پوری کی زندگی ایک تحریک کا نام ہے آپ کی زندگی ایک کتاب ہے اس مقالہ میں ان کی خدمات مختصر ذکر کرنا مطلوب ہے۔

فرمانی وفرمان برداری' حمد باری تعالیٰ' نعت رسول ﷺ' حضور ﷺ' نیاڑی تا فریاد' راحت القلوب' ماہنامہ الحق کے مضامین' مرثیہ تاج بانو' فراق نامہ منظوم' خطوط تاج بانو' کتابچہ فضائل ذکر' توحید تقویٰ وشرک' عالم برزخ' سخاوت وصدقہ جاریہ' علم نافضائلاک' شکر وناشکری ناقصہ' مکاتیب تاج بانو' براہوئی دینداراتے خطاب' خدانا شفابیک' نیاڑی نالولی' وصیت نامہ تاج بانو' مترجم مرثیہ تاج بانو' خطبہ براہوئی' مشتاقِ حرم' پندلقمان' پنج کتاب' سیپارہ سیقول' صبر وتوکل پند نامہ' تفسیر پارہ الف لام ومیم' براہوئی شاعرات مع نمونہ شعر' اردو کتابیں' مستورات کی علم واسلام سے محبت وقربانیاں' تعلیم یافتہ براہوئی مستورات کے لئے نورانی دور' علامہ دین پوریؒ کی تبلیغ وتصنیف کا زمانہ' نوادرات تاج بانو' ایلم کے لئے لکھے ہوئے شہ پارے' براہوئی قوم کا اسلام سے عشق' فیض گاہ دین پوری کے درخشندہ ستارے' براہوئی عورت' بلوچی کتابیں' پندلقمان پیر رکھیل ئے جواب عالمِ برزخ' پنج گنج' خطبہ بلوچی وفات نامہ حضرت علقمہ' قصہ فارسی کتابین' پنج گنج' علم حق۔

حضرت مولانا اختر محمد مینگل نوراللہ مرقدہ:

حضرت مولانا اختر محمد نوراللہ مرقدہ، ولد محمد طاؤس افغانستان کے علاقہ شیر شاہ میں ۱۱ ذوالحج ۱۳۴۳ھ میں پیدا ہوئے اختر کا لفظی معنی عید یا خوشی ہے مولانا صاحب کا تعلق مینگل قبیلہ کے احمد زئی سے ہے آپ کا آبائی علاقہ زاروچہ سے ہے حضرت نے اپنے تعلیم کا آغاز نوشکی کے علاوہ عیسیٰ چاہ سے کیا وہاں انہوں نے مولانا محمد یعقوبؒ سے قرآن کریم اور ابتدائی فارسی کی کتابیں پڑھیں اور آپ کے ابتدائی اساتذہ میں مولانا محمد کریم، سید نعمت اللہؒ حاجی محمد شعبانؒ مولانا محمد اکبرؒ شامل ہیں آپ کے والد کا انتقال ہوا تھا اس لئے آپ کی والدہ نے آپ کی تربیت کی اور ۱۳۵۹ھ میں آپ نے مدرسہ دارالعلوم نصیریہ سے باقاعدہ اپنے تعلیم کا آغاز کیا اور پھر اپنے دیگر ساتھیوں سمیت دین پور پنجاب مزید تعلیم حاصل کرنے تشریف لے گئے دین پور کے بعد ضلع رحیم یار خان کے علاقہ بستی مولویان تشریف لے گئے۔ وہاں حضرت مولانا عبدالرحیم نوراللہ مرقدہ، سے کسب علم وکمال کیا رحیم یار خان کے بعد آپ ریاست بہاول پور کے مشہور دینی درس گاہ مدرسہ انوریہ گمانیہ میں حضرت مولانا حبیب اللہ گمانی حضرت مولانا حبیب اللہ نعمانیؒ اور مولانا غلام قادر سے نصاب علم فقہی فنون کی کتابیں پڑھیں اور آپ وہاں کے بعد مدرسہ ٹھل ہمزہ تشریف لے گئے علی پور پنجاب میں تعلیم حاصل کی ۱۹۴۷ء میں آپ درس نظامی سے فارغ ہوکر بلوچستان کا رخ کیا دورہ حدیث کی اکثر کتابیں مدرسہ گمانیہ میں پڑھی تھیں آپ مستونگ کے علاقہ کردگاپ میں امامت کے فرئض انجام دینا شروع کیا اواس کے ساتھ آپ خوانین قلات کے ساتھ آزادی بلوچستان کی جدوجہد میں حصہ لیا اور شہزادہ عبدالکریم احمد زئی کے ساتھ جیل بھی کاٹا ۱۹۵۲ء میں علاقہ کردگاپ میں مدرسہ عربیہ دارالتوحید کی

بنیاد رکھی آپ ایک حق گو عالم دین تھے اس لئے مقامی قبائلی رہنماؤں کے ساتھ ہمیشہ آپ کا اختلاف رہا اور آپ کو ذہنی وجسمانی اذیتوں کے ساتھ وطن بدری کے مشقتوں کا سامنا کرنا پڑا آپ کردگاپ کے بعد ضلع خضدار کے علاقہ تحصیل زہری تشریف لائے یہاں پر ایک مدرسہ کا بنیاد رکھا اور دین کی تعلیم کے ساتھ تبلیغ دین کا آغاز کیا یہاں پر بھی آپ کو آپ کے حق گوئی کی وجہ سے شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا صورت حال اس حد تک پہنچ گئی کہ آپ کو زہری چھوڑنا پڑا وہاں سے آپ ہجرت کر کے قلات تشریف لائے اور اسی سال ۱۹۷۷ء میں مدرسہ عربیہ دارالعلوم خاردان قلات کا سنگ بنیاد رکھا آپ کو قلات میں بھی تبلیغ دین کے سلسلہ میں سخت ترین مشکلات کا سامنا کرنا پڑا لیکن آپ ان تمام مشکلات کے باوجود ایک کوہِ گران کی طرح اپنی موقف پر ڈٹے رہے۔ آپ ایک جرأت مند عالم دین ہونے کے ساتھ ولی کامل اور صاحب کرامت بھی تھے۔ آپ پر کتابیں لکھنے والوں نے آپ کی کرامات کا تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ آپؒ براہوئی زبان کے کثیر التصانیف علماء میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ آپ تفسیر اختریہ کے نام سے قرآن کریم کا مکمل ترجمہ وتفسیر لکھا اس کے علاوہ ان کے مطبوعہ وغیر مطبوعہ کتابوں کی تعداد تیس کے قریب ہیں جن میں یہ کتابیں شامل ہیں۔ فضائل اعمال، شمائل ترمذی، نور الایضاح، پنج کتاب، تحفہ حدیثات، تنبیۃ الغافلین، منہیات ابن حجرؒ کتاب السراجی، تعلیم الاسلام، حقوق الحیوان، شروط الصلواۃ، کتاب الکبائر، جزالاعمال، گنجینہ اسرار، سنتا تابیان، تعویز نامہ، اصول حدیث، قیامت نامہ، مسائلِ میراث، مسلمانا تا موجودہ کمزوری تا علاج، دیباچہ گلستان، موت نا منظر، کتاب نمازاتا، محمود نامہ، نسب نامہ، حضور اقدس ﷺ، احکامات قربانی، خواب نامہ، ہشت زبان، ہفتادفرقہ، جزاء اعمال شامل ہیں۔

خلیفہ گل محمد نوشکویؒ:

خلیفہ گل محمد نوشکویؒ غازی بادینی کا فرزند تھا آپ ۱۹۱۰ء میں نوشکی میں پیدا ہوئے آپ کے والد گرامی اپنے علاقہ کے ایک قبائلی معتبر ہونے کے ساتھ علماء و دیندار طبقہ سے محبت رکھنے والے شخص تھے خلیفہ گل محمد کو اس لئے اسلامی علوم کے لئے وقف کیا خلیفہ گل محمدؒ اپنے علاقہ نوشکی میں دینی تعلیم کا آغاز کیا قرآن کریم پڑھنے کے بعد فارسی، عربی کی کتابیں پڑھیں ابتدائی کتابوں کی تکمیل کے بعد مولوی بیگ محمدؒ کے مدرسہ میں باقاعدہ تحصیل علم کا سلسلہ شروع کیا آپ ۱۹۳۵ء کے زلزلہ میں مولوی بیگ کے مدرسہ میں زیر تعلیم رہے آپ نے انگریز کے خلاف جنگ میں اپنے بزرگوں کے ساتھ بھرپور حصہ لیا مکتبہ درخانی کے فکر انگریز کے خلاف بغاوت میں خلیفہ گل محمد نوشکویؒ کا ہم کردار رہا اور تحریک کا ایک پرجوش کارکن بنے خلیفہ گل محمد نوشکویؒ نے ۱۷ کتابیں تصنیف کیں جو براہوئی زبان میں لکھی گئی ہیں۔ تحفہ خان قلات، رفیق راہ مدینہ، قصیدہ شاہ فیصل، قصیدہ شاہ حسین، قصیدہ کرنل قذافی، تحفہ رئیسانی آپ کی مشہور کتابیں ہیں اس کے علاوہ ان کی دیگر کتابیں بھی ہیں خلیفہ گل محمد نوشکویؒ ۱۰ جون ۱۹۹۰ء میں نوشکی میں وفات پائی۔

مولانا عبدالقیوم جوہر براہوئی:

مولانا عبدالقیوم جوہر براہوئی کا نام گرامی ان کی تعارف کے لئے کافی ہے۔ آپ اپنے وقت کے ایک ایسے عالم دین ہیں ان کے وجود ذہن میں علم و تحقیق کا ایک سمندر موجزن ہے۔ براہوئی ادب کی کاملیت اکملیت حضرت مولانا عبدالقیوم جوہر براہوئی کے ساتھ نتھی ہے۔ آپ کے علمی کمالات کی وجہ سے براہوئی ادب کو جو پہچان ملی ہے وہ مسلمہ ہے۔ علامہ جوہر براہوئی ۲۹ جنوری ۱۹۵۰ء قاضی

عبدالکریم ذبیح ساسولی کے گھر تھریچانی ضلع سکھر میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد گرامی مدرسہ عربیہ قاسم العلوم درگاہ تھریچانی میں درس و تدریس کے شعبہ سے منسلک تھے۔ آپ کی پیدائش کے وقت قطب الاقطاب حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ مدرسہ قاسم العلوم تشریف لائے تھے۔ آپ نے جوہر براہوئی کے والد کے گزارش پر جوہر براہوئی کے زبان میں اپنا لعاب ڈالا۔ آپ کا نام عبدالقیوم رکھا اور ادبی تخلص جوہر رکھا۔ جوہر براہوئی نے اپنے تعلیم کا آغاز اپنے والد سے کیا۔ مولانا جوہر براہوئی کے والد مرحوم مولانا عبدالکریم قاسم العلوم سے ہجرت کر کے مدرسہ محمدیہ فریدآباد ضلع دادو میں پڑھانے کا سلسلہ شروع کیا۔ جوہر براہوئی کے والد ۱۹۵۸ء میں اس دارِ فانی سے رحلت کر گئے اس وقت جوہر براہوئی کی عمر فقط آٹھ سال تھی انہوں نے اپنے تعلیم کا آغاز سندھ کے مشہور عالم دین قاری محمد میہڑ والے کے مدرسہ سے کیا۔ اس کے بعد مدرسہ عربیہ قاسم العلوم گھوٹکی میں داخلہ لیا یہاں درجہ سادسہ تک کتابیں پڑھی اور اس کے بعد مزید کتابیں پڑھنے کے لے مدرسہ عربیہ انوار الرحمٰن دریا خان مری ضلع نوشہرہ فیروز تشریف لے گئے۔ موقوف علیہ کی کتابیں یہاں پڑھیں اور دورہ حدیث کے دوسال مدرسہ اشرفیہ سکھر میں پڑھا۔ علم کی تکمیل کے بعد سند علم حدیث حاصل کی۔ دورہ حدیث کے ساتھ رحیم یار خان میں وقت کے عظیم مفسر مولانا عبدالغنی جاجروی نوراللہ کے ہاں تفسیر پڑھی۔ فراغت کے بعد مدرسہ حفظ القرآن میہڑ میں مدرس رہا۔ دوسال بعد اپنے گاؤں فریدآباد میں تدریس کا آغاز کیا آج تک اس مدرسہ میں تدریسی و تصنیفی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ جوہر براہوئی سچ تو یہ ہے کہ براہوئی قوم کا جوہر ہے۔ آپ کی ادارت میں کئی براہوئی رسالے شائع ہوتے ہیں۔ براہوئی، سندھی، عربی، فارسی کے نابغہ زمانہ شاعر ہیں۔ سندھی اور براہوئی زبان میں ان کی

درجنوں کتابیں طبع ہوئی ہیں۔ براہوئی انشائیہ کے شہنشاہ ہیں۔مولانا عبدالقیوم براہوئی سیرت کے موضوع پر اپنے لکھی ہوئی کتاب کی وجہ سے صدارتی ایورڈ یافتہ ہیں۔مولانا عبدالقیوم جوہر براہوئی ظاہری علوم کے ساتھ باطنی علوم میں استغراق رکھتے ہیں۔آپ وادی مہران کے نامور صوفی بزرگ مولانا عبدالکریم قریشیؒ کے خلیفہ ہیں۔میں نے ان کے بارے میں دو تفصیلی مقالے لکھے ہیں لیکن یہاں اختصار مطلوب ہے۔

مولانا ملک داد قلاتی:

مولانا ملک داد قلاتی قندہار افغانستان کے باشندہ تھے۔مولانا ملک داد قلاتی نصیر خان نوری اول کے زمانے میں ہجرت کر کے قلات آئے تھے یا ان کو نصیر خان نوریؒ نے قلات بلایا تھا۔ملک داد قلاتی کسب علم وفن کمال حاصل کیا تھا اور آپ کے علمی مقام کی وجہ سے نصیر خان نوریؒ نے ان کو قاضی القضاۃ کے عہدہ پر رکھا۔ آپ براہوئی زبان کے پہلے صوفی شاعر ہیں۔آپ کا زمانہ وادی مہران کے عظیم صوفی شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی نوراللہ مرقدہٗ کا زمانہ ہے جو ۱۶۸۹ء سے ۱۹۵۶ء کا زمانہ بنتا ہے ملک داد قلاتی براہوئی زبان میں دینی وصوفیانہ شاعری کرتا تھا۔ آپ کی شاعری نصیر خان نوری ریاست قلات کے خصوصیات کے بارے میں بھی مشہور ہے۔آپ کی صرف ایک کتاب تحفۃ العجائب منظر عام پر آئی ہے۔آپ یہ کتاب مولانا نبوجان نے ۱۹۰۰ء کے اوائل میں چھپایا جو ایک بہترین کتاب ہے۔

مولانا نبوجان قلندرانی:

مولانا نبوجان قلندرانیؒ 1497ھ بمطابق 1851ء محمد رمضان کے گھر پیدا ہوئے۔ان کا تعلق براہوئی قبیلہ قلندرانی سے تھا۔مولانا نبوجان کی

پیدائش چوتو مستونگ میں ہوئی۔اللہ تعالیٰ نے ان میں علم کے حصول کا شوق رکھا تھا اور اسی ذوق وشوق کی وجہ سے انہوں نے علم کے تحصیل میں کمال حاصل کیا۔ مروجہ علوم اسلامی کی تحصیل کے بعد فاضل و عالم بنے اور درس وتدریس کا کام شروع کیا اور انگریزوں کے خلاف مکتبہ درخانی سے چلنے والی تحریک میں حصہ لیا۔ آپ نے تبلیغ دین کے لئے بھی اپنی زندگی وقف کی تھی آپ 1960ء میں اس دارِفانی سے رحلت کر گئے۔

مولانا عبدالمجید چوتوئی:

مولانا عبدالمجید چوتوئی' مولانا نبوجان کے گھر 1869ء میں پیدا ہوئے۔ آپ نے اپنے نام کے ساتھ اپنے علاقہ چوتو کی وجہ سے چوتوئی کی نسبت رکھی تھی اور اسی نسبت سے مشہور ہوئے۔مولانا عبدالمجید چوتوئی نے علم کی تحصیل کی ابتداء اپنے والد مولانا نبوجان سے کی۔قرآن شریف اور فارسی کی چند کتابیں اپنے والد سے پڑھیں۔مزید پڑھنے کے لئے اس زمانہ کے دارالعلوم دیوبند ثانی مکتبہ درخانی میں داخلہ لیا۔یہاں سے تفسیر قرآن' حدیث' فقہ کی کتابیں پڑھنے کے بعد اپنے استاد کے حکم پر انگریز کے خلاف تحریکات میں حصہ لیا۔مولانا عبدالمجید چوتوئی کئی کتابوں کے مصنف ہیں لیکن ان کتابوں کے نام منظر عام پر اب تک نہیں آسکے ہیں۔ مولانا عبدالمجید چوتوئی 1938ء میں اس دنیا سے رحلت کر گئے۔

مولانا عبدالخالق ابابکیؒ:

حضرت مولانا عبدالخالق ابابکیؒ براہوئی' مولا بخش ابابکی کے گھر 1952ء میں پیدا ہوئے۔آپ کے شہر کا نام سلطان کاریز ہے جو مستونگ شہر سے ملحق ہے۔یہ ایک قدیم شہر ہے۔جو مستونگ شہر سے آٹھ کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔

مولانا عبدالخالق ابا بکی عالیزئی طائفہ سے تعلق رکھتے تھے۔ ابا بکی میں صدیقی اس لئے ان کو کہا جاتا ہے ان کا نسب نامہ حضرت عبدالرحمٰن ابن ابوبکر صدیقؓ سے جاملتا ہے۔ مولانا عبدالخالق ابا بکی کی والدہ ایک دین دوست خاتون تھی لیکن ان کی والدہ کا ان کے پیدائش کے چار سال بعد انتقال ہوا۔ مولانا عبدالخالق ابا بکیؒ صغیر سنی میں والدہ کی محبت سے محروم ہوئے اور ان کی پرورش ان کی پھوپھی نے کی۔ حضرت مولانا عبدالخالق ابا بکی کے والد نے ان کو تحصیل علوم کے لیے مستونگ کے مشہور مدرسہ شمس العلوم صدیق آباد کے اساتذہ کے حوالہ کیا۔ 1969ء میں دارالعلوم جامعہ نصیریہ مستونگ میں مزید علوم کی تحصیل کا سلسلہ شروع کیا۔ مولانا قاضی خدا بخش فاضل دارالعلوم دیوبند سے کسب علم وفیض کا آغاز کیا۔ 1970ء میں مطلع العلوم بروری روڈ کوئٹہ میں داخلہ لیا۔ آپ علم کی تحصیل کے ساتھ دیگر فنون کا حصول بھی کیا۔ 1976ء میں عالم فاضل کی سند حاصل کی۔ اس دوران انہوں نے سرکاری نوکری بھی کی۔ 1980ء میں مدرسہ اشرفیہ مستونگ میں تدریس کے شعبہ سے منسلک ہوئے۔ آپ دس کتابوں کے مصنف ہیں۔ آخر عمر میں مدرسہ اشرفیہ کا انتظام ان کو حوالہ کیا گیا اور یہاں پر وہ آخر عمر تک رہے اور تدریسی وتصنیفی خدمات سرانجام دیتے رہے۔

مولانا عبدالقادر محمد حسنی:

مولانا عبدالقادر محمد حسنی' میر محمد کے گھر گاؤں سلیمان دریا روڈ ضلع نوشہرہ فیروز سندھ میں ماہ شوال 1376ھ بمطابق 6 جنوری 1964ء کو پیدا ہوئے۔ مولانا عبدالقادر محمد حسنی کے والد اپنے استاد مولانا عبدالقیوم خارانی کے ساتھ نیو سعید آباد سندھ میں مدرس تھے۔ مولانا عبدالقادر محمد حسنی نے وہاں سے اپنے تعلیم کا آغاز کیا۔ مولانا عبدالقادر چھ سال کے تھے کہ ان کے والد سخت بیمار

ہوئے اور پڑھانے کا سلسلہ چھوڑ دیا جس کی وجہ سے مولانا عبدالقادر کا سلسلہ تعلیم بند ہوا۔ اس لئے مولانا عبدالقادر محمد حسنی 18 سال تک پڑھ نہ سکے۔ اس کے بعد ان کے والد ان کو علاقہ کے مشہور مدرسہ عربیہ انوار القرآن وحدیث بریا روڈ میں داخل کرایا۔ مولانا نور محمد اس مدرسہ کا مہتمم تھا۔ مولانا عبدالقادر محمد حسنی متعدد کتابوں کا براہوئی زبان میں ترجمہ کر چکا ہے جن میں مولانا ذکریاؒ کی فضائل اعمال بھی شامل ہے اور ان کی کئی کتابیں زیر طبع ہیں اللہ آپ کے علم وعمل میں برکت عطا فرمائے (آمین)۔

مولانا عبدالرشید ہمدم:

مولانا عبدالرشید ہمدم ساکن دریچہ ڈاک نوشکی کے باشندہ ہیں۔ آپ کی تاریخ پیدائش 1958ء ہے۔ انہوں نے اپنے تعلیم کا آغاز مولانا عبدالغفور کے ہاں سے کیا جو ان کے گاؤں ڈاک کے ایک عالم دین تھے۔ اس کے بعد نوشکی شہر میں مولانا امیر محمد شاہ سے تحصیل علم کا آغاز کیا جو اپنے دور کے جید عالم دین اور متقی و پرہیزگار انسان تھے۔ مزید علوم کے حصول کے لئے سندھ و پنجاب کے علاقوں کا سفر کیا۔ مدرسہ تفہیم القرآن میں 7 سال تک مولانا نور محمد محمد شہی کے نگرانی میں تعلیم حاصل کی۔ دور تفسیر مولانا محمد میاں کے ساتھ میاں والی میں پڑھا۔ تفسیر کا دورہ شیخ القرآن حضرت مولانا عبداللہ درخواستی نوراللہ مرقدہ کے ساتھ بھی تفسیر کا علوم پڑھا۔ مولانا غلام اللہ خان شیخ القرآن مولانا خوشی محمد کے شاگردی کا ان کو شرف حاصل رہا۔ دارالعلوم کورنگی سے بھی علم حاصل کیا۔ حیدرآباد کے مشہور مدرسہ قوت الاسلام سے دورہ حدیث مکمل کیا۔ آپ براہوئی زبان کے ایک نامور شاعر ہیں۔ اللہ پاک ان کی زندگی اور صلاحیتوں میں مزید برکت عطا فرمائے۔ آمین

مولانا محمد اکرام زہری:

مولانا محمد اکرم زہریؒ 1955ء محمد صالح زہری کے گھر دوگن تحصیل زہری ضلع خضدار میں پیدا ہوئے۔ مولانا محمد اکرم 12 سال کے عمر تک سنت الانبیا ادا کرتے ہوئے مال مویشی چراتے رہے۔ 1953ء میں مولانا گل محمد چشمہ زہری کے علاقہ سمرین میں ایک مدرسے کی بنیاد رکھی۔ مولانا فیض ڈانہیا بھی اسی مدرسہ میں مدرس تھے یہ دونوں حضرات شیخ الحدیث مولانا عبداللہ درخواستی کے مدرسہ کے فاضل تھے۔ مولانا محمد اکرم زہری 1959ء میں چند سال کھیرتھر کے ایک مدرسہ میں سبق پڑھا 1962ء میں قاری محمد مدنیؒ کے مدرسہ میہڑ سندھ میں قرأت پڑھی۔ 1964ء میں مسقط کے فوج میں بھرتی ہوئے۔ مسقط میں فوجی مشق کے ساتھ فارغ اوقات میں فوجیوں کو قرآن ونماز پڑھاتے تھے اس کے بعد 1974ء میں ان کو ترقی دیکر آفیسر بنایا گیا۔ وہ اب صرف امام خطیب رہے اور اس طرح قرآن کریم کے پڑھانے کا سلسلہ جاری رکھا۔ اس دوران مولانا محمد اکرم براہوئی میں کتابیں لکھنے کا مشغلہ شروع کیا۔ وہ کتابیں لکھ کر اپنے ہی خرچے سے طبع کراتے تھے۔ اس طرح براہوئی زبان میں ان کی سات کتابیں چھپ چکی ہیں۔ مولانا محمد اکرم زہری نے عربی زبان میں بھی کئی کتابیں لکھیں ہیں۔ اُنھوں نے عربی زبان میں بھی کئی کتابیں لکھی ہیں۔ ان کی کئی کتابیں زیرطبع ہیں۔ اللہ رب العالمین ان کو مزید خدماتِ دین وادب کے ساتھ زندہ رکھے۔ (آمین)

مولانا خدابخش محمد زئی آڑیجی والے:

حضرت مولانا خدابخش ابن محبت خان محمد زئی آڑیجی والے کی زندگی کے احوال ہمیں باقاعدگی سے حاصل نہیں ہوسکے۔ آپ کے متعلقین و رشتہ داروں سے

روایت ہے کہ آپ 1800ء صدی کے آخری عشرہ میں ضلع خضدار تحصیل وڈھ کے ایک پسماندہ ترین علاقہ آڑیجی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم یہاں کے مسجد سے حاصل کی۔ بعدازاں حسب دستور مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے اندرون سندھ تشریف لے گئے۔ اس وقت سندھ کا ایک مشہور درگاہ بھینڈہ شاہ تھا یہاں پر بھی آپ نے تعلیم حاصل کی۔ سندھ کے اس وقت کا مشہور دینی ادارہ خیرپور علاقہ کے ٹھیڑی میں واقع تھا۔ اس وقت کے تابغہِ زمانہ علماء کرام سے وہاں تعلیم حاصل کی آپ تعلیمی کے سلسلہ کی تکمیل کے بعد ایشاء کے مشہور معروف دینی ادارہ دارالعلوم دیوبند کا رخ کیا۔ آپ کی ملاقات وہاں شیخ الاسلام حضرت حسین احمد مدنی نوراللہ مرقدہ سے ہوئی۔ آپ نے دارالعلوم دیوبند سے حدیث اور دعائیں لیکر اپنے علاقہ آڑیجی مسجد تشریف لائے۔ یہاں پر دارالتوحید کے نام سے ایک دینی مدرسے کی بنیاد رکھی۔ اور ایک طویل عرصہ تک دین کی خدمت میں مصروف رہے۔ آپ صاحب کرامت عالم دین ولی اللہ تھے۔ آپ کے بہت سے کرامات اہل علاقہ ومتعلقین سے منقول ہیں۔ کہتے ہیں کہ ''جنرل ایوب کے زمانے میں جب وڈھ جہلاوان میں میر علی محمد محمد زئی اور دیگر بغاوت کرنے والوں کے خلاف آپریشن ہوا تو آڑیجی مسجد میں بھی فوجی موجود تھے۔ ایک فوجی کرنل نے بے ادبی کی انتہا کرتے ہوئے حضرت مولانا خدابخش نوراللہ مرقدہ کو ایک تپڑ مارا۔ جس کی وجہ سے اس کرنل کے پیٹ میں شدید درد پڑ گیا۔ وہاں پر موجود فوجی ڈاکٹروں نے ان کا ہر ممکن علاج کیا لیکن وہ ٹھیک نہیں ہوا۔ بعدازاں اس نے خود بتایا کہ مجھے اس مولوی صاحب کی بددعا لگ گئی ہے چنانچہ کرنل' مولانا صاحب کے پاس آکر معافی مانگی۔ گرفتار طلبہ کو رہا کیا تو ان کے پیٹ کا درد ٹھیک ہوگیا''۔ کہتے ہیں جیسے ہی گرفتاری کیلئے فوجی مولانا خدابخش نوراللہ مرقدہ کو بیڑیاں لگاتے تو وہ

بیڑیاں خود بخود ٹوٹ جاتیں۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ ایک مرتبہ شدید قحط پڑا۔ آپ نماز استسقا کے لئے باہر نکلے اور ہاتھ اُوپر اٹھا کر کہا کہ اے اللہ! آج خدو (یعنی مولانا خدا بخش) واپس نہیں جائیگا جب تک بارش نہیں ہوگی۔ ان کا یہ کہنا تھا کہ بادل گرجنے اور برسنے لگیں اور یوں طویل قحط سالی ختم ہوگئی۔ آپ اپنی علم وحکمت ریاضت کے ساتھ آڑینجی مسجد میں آسودۂ خاک ہیں۔ شیخ سعدیؒ نے عجب فرمایا تھا۔

ہر بیشہ گماں مبر کہ خالی است
شاید کہ پلنگ خفتہ باشد

کہتے ہیں کہ ''ہر جنگل کے بارے میں گمان نہ ہو کہ خالی ہے ممکن ہے کہ کوئی چیتا اس میں سو رہا ہو۔

حضرت مولانا نیک محمدؒ محمد زئی:

مولانا نیک محمد ابن دہنی بخش مرحوم مغفور قوم محمد زئی اس صدی کے عظیم پرہیز گار و متقی افراد میں سے ایک ہیں۔ آپ ضلع قلات و تحصیل سوراب کے ایک علاقہ گھوری تھل نامی گاؤں میں 1950ء میں پیدا ہوئے۔ آپ ایک غریب گھرانے کے چشم و چراغ تھے۔ آپ کے والد نے آپ کو دینی علوم کی حصول کے لئے فارغ کر دیا تھا۔ آپ نے قاعدہ و قرآن کریم ناظرہ اور عربی کے تیسرے درجہ تک کی کتابیں اپنے علاقہ بستی علی شیر کھیر تھر ضلع اوستہ محمد میں اپنے بڑے بھائی مولانا دین محمد محمد زئی سے پڑھیں۔ مزید تشنگی علم کو سیراب کرنے کے لئے سندھ تشریف لے گئے۔ سبی جدید میں ایک مدرسہ میں عربی کی کتابوں کا درس شروع کیا۔ یہاں پر چند سال پڑھنے کے بعد وادی مہران کے عظیم علمی اور روحانی درسگاہ درگاہ ہالیجی شریف سے تصوف کا سلسلہ اس وقت کے قطب الاقطاب مولانا حماد اللہ ہالیجوی سے قائم کیا۔

آپ وہاں سے ظاہری و باطنی علوم کے حصول کے بعد شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان نور اللہ مرقدہ، پھر مولانا عبدالغنی جاجرویؒ اور مولانا مفتی محمودؒ اور دیگر اساتذہ کے سامنے زانوتلمذ ہو کر قرآن کریم کی تفسیر، حدیث، فقہ، دیگر علوم حاصل کئے۔ آخر خیر پور سندھ کے ایک دیہات میں قائم معروف دینی ادارہ مدرسہ محمد یہ ہنگورجہ تشریف لائے۔ اس وقت اس جامعہ کے مدیر مولانا درمحمد تھے جبکہ شیخ الحدیث فقیہ الزمان عارف باللہ مولانا قطب الدین نور اللہ مرقدہ تھے آپ نے یہاں تعلیم وتعلم دونوں کا آغاز کیا۔ یہاں سے آپ مرحوم نے دورہ حدیث مکمل کر کے سند فراغت حاصل کی۔ تین سال تک یہاں پڑھاتے رہے۔ اس کے بعد آپ ضلع خضدار کے تحصیل کرخ میں واقع جامعہ دارالقرآن کرخ تشریف لائے اور کم وبیش 25 سال تک یہاں تشنگان علومِ نبوی ﷺ کو سیراب کیا۔ آپ مجتہد فی المسئلہ کے درجہ پر فائز تھے۔ آپ نے انتہائی مجاہدہ کی زندگی بسر کی۔ آپ صبح سے لیکر شام تک 25 کے قریب اسباق پڑھاتے تھے جن میں علوم اسلامیہ کے مشکل ترین کتابیں بھی شامل ہوتی تھیں۔ آپ کی کرامات کے بہت سارے واقعات منقول ہیں۔ ایک مرتبہ مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد رفیع عثمانی دارلعلوم کورنگی کے مدیر کرخ تشریف لائے۔ ایک فقہی مسئلہ میں مولانا نیک محمدؒ سے ایک بحث کے بعد آپ (مفتی صاحب) کراچی جانے کے بعد فرمایا ہم نے سمجھا تھا کہ بلوچستان کے علاقوں میں علوم اسلامیہ بھی پسماندگی کی شکار ہوگی لیکن اس بار میں نے بلوچستان کے ایک ایسے علاقہ میں جہاں بجلی نہیں ہے سڑک نہیں ہے ایک ایسے آدمی کو دیکھا جو بیک وقت، مفسر، محدث، فقیہ اور فلسفی ہیں۔ آپ 2003ء میں خضدار تشریف لائے اور اپنی زندگی کے آخری دو سال یہاں بحیثیت شیخ الحدیث جامعہ شرعیہ کو شک خدمات انجام دیتے رہے۔ آخر 19 ستمبر 2005 میں آپ گردے فیل ہونے کی وجہ سے انتقال فرما گئے۔ اِنا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا سائیں خان جانؒ خضدار وہیر والے:

آپ کا اسم گرامی خان محمد ولد سائیں داد تھا۔ آپ کا تعلق مینگل قبیلہ کے شاخ گزگی قبیلہ سے تھا یہ قبیلہ خضدار اور وہیر میں آباد ہے۔ آپ کا آبائی علاقہ وہیر تھا جو خضدار شہر سے وڈھ جاتے ہوئے مغرب کی جانب ایک کوچہ ہے۔ اگرچہ آپ کا مکمل نام خان محمد تھا لیکن لوگ آپؒ کو محبت و پیار سے خان جان کہتے تھے۔ آپ حقیقی معنوں میں ایک عالم دین صوفی زمان متوکل و متبحر عالم دین تھے۔ فقہ حدیث' قرآن' اصول فقہ معقولات منقولات پر خاص عبور حاصل تھا۔ فارسی اور عربی زبان سے آپ کا خاص شغف تھا۔ آپ کی پیدائش کی صحیح تاریخ کا علم نہیں البتہ یہ طے ہے کہ آپ اٹھارویں صدی کے آواخر میں پیدا ہوئے ہیں۔ آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے والد گرامی مولانا سائیں داد سے حاصل کی۔ بعدازاں حصول علم کے لئے اندرونی سندھ اور کراچی کا سفر کیا جہاں آپ نے کراچی کے نامور دینی ادارہ مظہر العلوم کھڈہ کراچی میں تحصیل علم کرنے کے بعد پانے علاقہ وہیر وڈھ تشریف لائے اور آپ نے درس وتدریس کا آغاز کیا۔ آپؒ نے حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی سے بیعت کر کے اجازت حاصل کی۔ آپؒ نے 1340 بمطابق 1919ء میں حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی کی خصوصی دعا اور مشاورت سے اپنے علاقہ وہیر میں جامعہ فیاض العلوم وہیر کی بنیاد رکھی۔ آپ کے اساتذہ میں مولانا نور محمد نورنگی' اور مولانا محمد صادق مظہر العلوم کھڈہ کراچی والے شامل ہیں۔ آپ مشکل نامساعد حالات میں تقریبا نصف صدی تک جامعہ فیاض العلوم میں درس تدریس کے فرائض انجام دیتے رہے۔ آپ کی توکل علی اللہ دنیا سے بے رغبتی کے بہت سارے واقعات معروف ہیں۔ فقط ایک واقعہ مشت ازنمونہ خروارہم ذکر کرتے ہیں۔ ایک سال علاقہ میں شدید ترین قحط

پڑ گیا علاقے کے سارے لوگ ہجرت کر کے چلے گئے آپ نے مدرسہ وطلبہ کو چھوڑ کر جانے سے انکار کیا۔ جب لوگوں نے مجبور کیا تو آپ بھی بمشکل تیار ہوئے لیکن جب آپ کسی ضرورت سے باہر تشریف لے گئے دیکھا کہ ایک چیونٹی کے منہ میں ایک چاول کا دانہ ہے۔ آپ واپس آئے تو جانے سے انکار کر دیا اور فرمایا جب اللہ تعالیٰ اس کمزور مخلوق کو اس قحط میں رزق دیتا ہے تو مجھے بھی بھوکا نہیں مارے گا۔ آپؒ 1971ء میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ آپ کے زبان مبارک سے بطرز شیخ سعدی فارسی کے یہ اشعار جاری تھے:

دراں مدت کے مارا وقت خوش بود
زہجرت سیزدہ صد و چھل بود
مراد ما فیاض علوم بود گفتیم
حوالت با خدا کردیم رفتیم

آپ کے دو فرزند مرحومین مولانا عبدالحنانؒ اور مولانا عبدالمنانؒ آپ کے دینی کام کا سلسلہ بخوبی جاری رکھا۔ آج بوقت تحریر آپ کا قائم کردہ جامعہ فیوض العلوم' دینی فیوض کا پرچار کر رہی ہے جامعہ کے مہتمم مولانا عبدالسلام مینگل جامعہ کے منتظم اعلیٰ مولانا عبدالصبور مینگل بحسن خوبی اس خدمت کو انجام دے رہے ہیں۔

مولانا عبدالکریم لہڑی:

مولانا عبدالکریم لہڑی 12 فروری 1920ء میں ضلع خضدار کے تاریخی علاقہ میاندر' وڈھ میں پیدا ہوئے۔ وہ مراد علی لہڑی حیدرزئی منگی زئی کا بڑا فرزند تھا۔ کلی صالح محمد شاہی زئی وڈھ میں قائم مدرسہ اس زمانے میں فیض و برکت کا مرکز شمار ہوتا تھا۔ مراد علی لہڑی نے اپنے فرزند عبدالکریم لہڑی کو اس مدرسہ میں داخل کیا۔

عبدالکریم ایک ذہین فطین طالب العلم ثابت ہوئے اور انتہائی تیزی کے ساتھ علوم اسلامیہ کے زینے چڑھنا شروع کیا۔اس کے ساتھ وہ قرآن کریم حفظ بھی کیا کرتا تھا۔ اس مدرسہ میں پڑھنے کے بعد مولانا عبدالکریم نے شکارپور میں تعلیم حاصل کی اور اس دوران وہ قاری محمد میہڑ والے کے ساتھ قرآن کریم کا تجوید پڑھا۔اس طرح وہ گھوٹکی میں مولانا غلام مصطفیٰ کے ساتھ علم کا تحصیل کیا۔اس دوران وہ لی مارکیٹ کراچی میں ایک مسجد کے پیش امام بنیں اس دوران کراچی کے تاریخی مدرسہ مظہر العلوم کھنڈہ مارکیٹ مولانا غلام مصطفیٰ کے شاگردرہ کر دورہ حدیث مکمل کیا۔مولانا عبدالکریم کے ایک رشتہ دار ولی محمد چانڈیو نے مولانا عبدالکریم کو سعودی عرب بھیج دیا۔ مدینہ منورہ کے مدارس میں قرآن پاک کی تفسیر مکمل کی۔ اس کے بعد سعودی دارالحکومت ریاض میں پانچ سال سرکاری مدرسہ میں پڑھا۔تعلیم کی فراغت کے بعد ان کو جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ میں پروفیسر مقرر کیا گیا۔یہاں وہ پی ایچ ڈی کے طلبہ کو پڑھاتے تھے۔شاہ فیصل کے دور میں ان کو سعودیہ عربیہ کی شہریت مل گئی۔ 30 سال مدینہ یونیورسٹی میں بحثیت پروفیسر پڑھانے کے بعد ریٹائرمنٹ لی۔ 1987ء سے قرآن مجید کا آسان اور عام فہم ترجمہ دوسال کے دن رات کی محنت کے بعد مکمل کیا۔مولانا عبدالکریمؒ نے عربی زبان میں کتابیں لکھی ہیں اور اس کے ساتھ مسلمان ناعقیدہ براہوئی میں بھی ایک کتاب ان کی تصنیف ہے۔ آپ 15 اکتوبر 2006ء میں انتقال کرگئے اور جنت البقیع میں مدفون ہیں۔

مولانا محمد یعقوب شرودی:

مولانا محمد یعقوب شرودیؒ ایک جید عالم دین اور مفسر قرآن تھے۔آپ الحاج فتح محمد مشوانیؒ کے گھر 1930ء میں پیدا ہوئے۔مشوانی قبیلہ کا زبان پشتو ہے۔

انھیں سید کہا جاتا ہے لیکن خود شیخ التفسیر اس نسبت کو کمزور جانتے تھے۔حضرت مولانا محمد یعقوب شرودی کی پیدائش دالبندین میں ہوئی۔مشوانی قبیلہ کا اصل مسکن شرود پنج پائی ہے۔حضرت مولانا محمد یعقوبؒ نے اپنے تعلیم کا آغاز اپنے والد فتح محمد سے کیا۔ اس کے بعد مولانا کمال الدین منگچری والے اور عبدالغفور شالدرہ کوئٹہ والے سے علم وفیض حاصل کی۔ دورہ حدیث دارالعلوم دیوبند سے کیا۔ان کے اساتذہ میں سید مولانا حسین احمد مدنی نوراللہ مرقدہ، مولانا محمد ابراہیم نوراللہ مرقدہ اور دارالعلوم دیوبند کے دیگر اساتذہ شامل ہیں۔مولانا محمد یعقوب شرودی دورہ حدیث کے امتحان میں اول پوزیشن حاصل کی تھی۔ وطن واپس آنے پر تفسیر راولپنڈی میں شیخ التفسیر مولانا غلام اللہ خان مرحوم سے پڑھا۔مولانا محمد یعقوب فاضل ہونے کے بعد پتکی گرگینہ علاقہ کردگاپ میں دارالھدیٰ کے نام سے ایک مدرسہ کھولا۔اس مدرسہ میں 20 سال تک پڑھایا۔ پھر اس مدرسہ کو اپنے شاگرد قاری عبدالواحدؒ کے حوالہ کیا اور کوئٹہ آئے۔ 1974ء میں اسماعیل کالونی سرکی روڈ کوئٹہ میں جامعہ رشیدیہ کا بنیاد رکھا۔مولانا یعقوب شرودیؒ نے نوسال کی کاوشوں کے بعد براہوئی زبان میں کشف القرآن کے نام سے قرآن کریم کا تفسیر و ترجمہ لکھا جو آٹھ جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ مرأت الآیات، مواعظ شرودی، شکرپارہ، نغمات شرودی، صدائے حق وباطل الطارقہ، ثمینۃ الفتویٰ کے آپ اردو زبان کے ایک اچھے شاعر تھے۔ مولانا محمد یعقوب 28 ستمبر 2007 کو اس جہانِ فانی سے رحلت فرما گئے۔

میں کہتا ہوں

(احمد شاکر فرید آباد)

کسی بھی قوم کے مزاج، تہذیب، ثقافت اور جغرافیہ کی اہمیت کو جانچنا اور پرکھنا مقصود ہو تو اُس کے ادب کی بخوبی مطالعہ کریں تو آپ پر ساری پرتیں کھل جائیں گی۔

میں اس تحریر میں سندھی ادب کا مختصر جائزہ لوں گا۔ میری یہ تحریر نہ اعداد شمار پر مشتمل ہے اور نہ ہی حوالہ جاتی ہے۔ میں کوشش کروں گا کہ اپنے اس مختصر مضمون میں مناسب باتیں کرسکوں۔ اُن سب کے ناموں کا تذکرہ بھی کروں جنھوں نے اپنے نمایاں کارنامے سرانجام دیئے ہیں۔ کسی بھی تحریر کا حُسن اُس کے ہُنر نامہ میں دکھائی دیتا ہے۔ لیکن میں نے جب لکھا اپنے ڈھب میں ہی لکھا۔ میں نے کسی کے پاؤں پر اپنے پاؤں نہیں رکھا۔

